INEE

Inter-Agency Network for Education in Emergencies
Réseau Inter-Agences pour l´Éducation en Situations d´Urgence
La Red Interagencial para la Educación en Situaciones de Emergencia
Rede Inter-Institucional para a Educação em Situação de Emergência
الشبكة المشتركة لوكالات التعليم في حالات الطوارئ
انٹر ایجنسی نیٹ ورک فار ایجوکیشن ان ایمر جنسیز

# آئی این ای ای کم از کم معیارات کے
# کتابچہ کا تقویتی اور ستائشی حوالہ جاتی ٹول





آئی این ای ای کم از کم معیارات کے ورکنگ گروپ کا تیار کردہ

INEE

Inter-Agency Network for Education in Emergencies
Réseau Inter-Agences pour l´Éducation en Situations d´Urgence
La Red Interagencial para la Educación en Situaciones de Emergencia
Rede Inter-Institucional para a Educação em Situação de Emergência
الشبكة المشتركة لوكالات التعليم في حالات الطوارئ
انٹرایجنسی نیٹ ورک فار ایجوکیشن ان ایمرجنسیز

# آئی این ای ای کم از کم معیارات کے
# کتابچہ کا تقویتی اور ستائشی حوالہ جاتی ٹول




آئی این ای ای کم از کم معیارات کے ورکنگ گروپ کا تیار کردہ

# شعبہ 1: بنیادی معیارات

## کمیونٹی کی شرکت معیار 1: شرکت

کمیونٹی کے اراکین تعلیمی ردِعمل کے تجزیے، منصوبہ بندی، ابتدائی خاکہ، نفاذ، نگرانی اور تشخیص کے دوران بغیر کسی تفریق کے شفافیت کے ساتھ بھرپور حصّہ لیتے ہیں

### کلیدی اقدامات:

- کمیونٹی کے اراکین تعلیمی سرگرمیوں کی ترجیحات طے کرنے اور منصوبہ بندی میں بھرپور حصّہ لیتے ہیں
- کمیونٹی کی تعلیمی کمیٹیوں میں تمام بے دست و پا گروپوں کو شامل کیا جاتا ہے
- بچے اور نوجوان تعلیمی سرگرمیوں کی ترقی، نفاذ، نگرانی اور تشخیص میں بھرپور حصّہ لیتے ہیں
- کثیر تعداد میں کمیونٹی کے اراکین تعلیمی تجزیئے، بحران کے خطرے میں کمی اور تنازع کم کرنے کی سرگرمیوں میں حصّہ لیتے ہیں
- کمیونٹی کے اراکین کو صلاحیت بڑھانے کے مواقع میسر ہوتے ہیں

### رہنما نوٹس:

1۔ تعلیمی ردِعمل کے تمام ادوار میں کمیونٹی کی بھرپور شمولیت

2۔ کمیونٹی کی تعلیمی کمیٹی کمیونٹی کے تمام متعلمین کی ضروریات اور حقوق کی نشاندہی کرتی ہے اور ان پر توجہ دیتی ہے

3۔ کمیونٹی کی تعلیمی کمیٹی کے اراکین کے کردار اور ذمہ داریوں کا وضاحت سے بیان ہونا

4۔ کمیونٹی کی بنیاد پر مقامی تعلیمی ایکشن پلان

5۔ تعلیمی سرگرمیوں میں بچوں اور نوجوانوں کی شرکت

6۔ تعلیمی پروگراموں کی تشخیص کے لئے سوشل آڈٹس

7۔ مقاصد کے حصول کے لئے لوگوں اور تنظیموں کی صلاحیت بڑھانے میں مدد

## کمیونٹی کی شرکت معیار 2: وسائل

کمیونٹی کے وسائل کی نشان دہی کی جاتی ہے اور عمر کی مناسبت سے تعلیمی مواقعوں کے نفاذ کے لئے انہیں بروئے کار لایا جاتا ہے

## کلیدی اقدامات:

- مقامی وسائل کی نشاندہی کرنا اور اسے متحرک رکھنا تا کہ معیاری تعلیم تک رسائی کو تقویت ملے
- تعلیمی پروگراموں کی تشکیل کے وقت موجود صلاحیتوں کا مکمل طور پر بروئے کار لانا
- بحران کے خطرے میں کمی لانا اور تنازع ختم کرنا تعلیم میں شامل ہوتا ہے

## رہنما نوٹس:

1۔ تعلیمی ردِعمل کے ابتدائی خاکے اور منصوبہ بندی کے عمل کے دوران کمیونٹی کے وسائل کا استعمال

2۔ معذوری کے شکار بچوں اور نوجوانوں کی رسائی اور تحفظ

3۔ تعلیم سے متعلق افراد کے کردار اور ذمہ داریوں پر طویل المیعاد تربیتی پروگرام

4۔ کمیونٹی کی امداد کی پہچان

5۔ بحران کے خطرات کو کم کرنے اور تنازع میں کمی لانے والی تعلیم کو مقامی صلاحیت اور نپٹنے کے طریقوں کے مطابق بنانا

# رابطہ کاری

## رابطہ کاری معیار 1: رابطہ کاری

رابطہ کاری کے نظام چلائے جاتے ہیں اور ان عاملین کو مدد ملتی ہے جو رسائی کو یقینی بنانے اور معیاری تعلیم کو جاری رکھنے کے لئے کام کرتے ہیں

## کلیدی اقدامات:

- تعلیمی حکام تعلیمی ردِعمل میں نمائندگی کا کردار ادا کرتے ہیں

- انٹرا ایجنسی رابطہ کمیٹی، منصوبہ بندی، معلوماتی نظام، وسائل کو متحرک رکھنا، صلاحیت بڑھانا اور وکالت کو ہم آہنگ رکھتی ہے
- تعلیم کے مختلف درجات اور اقسام کو مدِ نظر رکھا جاتا ہے
- تعلیمی سرگرمیوں کو بروقت، شفاف، مساوی اور ہم آہنگی پر مبنی امور کے ڈھانچہ کے استعمال کے ذریعے تقویت ملتی ہے
- معلومات کے تبادلے کے شفاف طریقے موجود رہتے ہیں
- تعلیمی ردِ عمل میں صلاحیتوں اور خامیوں کی نشاندہی کے لئے جائزوں کا انعقاد کیا جاتا ہے
- نتائج کے حصول کے لئے عاملین معیار، ثقافت، ذمہ داری اور محاسبہ کی پابندی کرتے ہیں

## رہنما نوٹس:

1۔ انٹرا ایجنسی رابطہ کمیٹی کی وسیع نمائندگی ہونا

2۔ وسائل کا شفاف اور شمولیت کے ذریعے متحرک ہونا

3۔ معلومات اور جانکاری کا نظم و نسق

4۔ تعلیمی ردِ عمل میں صلاحیتوں اور خامیوں کی نشاندہی کے لئے مشترکہ جائزے

5۔ رابطہ کاری اور معلومات کے تبادلے کے سلسلے میں عاملین کا احتساب

6۔ تمام عاملین کا نتائج پر مبنی طریقہ کار

# تجزیہ

## ■ تجزیہ معیار :I جائزہ

ہنگامی حالت کے بروقت جائزے کلی، شفاف اور شرکتی انداز سے لئے جاتے ہیں

### کلیدی اقدامات:

- فوری ابتدائی تعلیمی جائزہ لینا
- تعلیمی ضروریات اور سرگرمیوں پر مقامی نقطہ نظر سے متعلق معلومات اکٹھی کرنا
- مقامی صلاحیتوں، وسائل اور حکمتِ عملیوں کی نشاندہی کرنا
- حالات کا تجزیہ کرنا
- متاثرہ آبادی معلومات اکٹھی کرنے کے لئے ابتدائی خاکہ کی تیاری میں شریک ہوتی ہے
- تعلیمی ضروریات اور وسائل کی مکمل تشخیص کرنا
- انٹرایجنسی رابطہ کمیٹی کا تنظیموں اور عاملین کے ساتھ روابط رکھنا

### رہنمانوٹس:

1۔ ابتدائی جائزے کے اوقات میں متاثرہ آبادی کی سیکیورٹی اور تحفظ کو مدِنظر رکھنا

2۔ جائزے کی مدد سے تعلیمی ردِعمل کو فراہم کرنے کے لئے خام معلومات اکٹھی کرنا

3۔ حالات کا تجزیہ کرنا تا کہ یہ یقین ہو کہ تعلیمی ردِعملیاں مناسب، برمحل اور امکانی خطرات اور تنازع ختم کرنے کی اہلیت رکھتی ہیں

4۔ معلومات کی معقولیت اور معلومات کے تجزیہ کے طریقے

5۔ جائزوں میں مختلف شریک کار بشمول تعلیمی حکام اور بے دست و پا گروپوں کا ہونا

6۔ تعلیمی ادارے کا دوسرے اداروں کے ساتھ باہمی رابطہ میں ہونا

7۔ تعلیم اور نفسیاتی وسماجی ضروریات کے متعلق خام معلومات اکٹھی کرنی چاہیں

8۔ جائزے کے نتائج کا جس قدر جلد ممکن ہو دستیاب کرنا

## ■ تجزیہ معیار 2: ردِعمل کی حکمتِ عملیاں

جامع تعلیم کی حکمتِ عملیوں میں تناظر کی وضاحت، تعلیم پر حق کے حصول میں رکاوٹیں اور ان رکاوٹوں کو ختم کرنے کے طریقے شامل ہیں

### کلیدی اقدامات:

- ردِعمل کی حکمتِ عملیاں جائزے کے نتائج کو منعکس کرتی ہیں
- تعلیمی ردِعملیاں متاثرہ ابادیوں کی ضروریات پورا کرتی ہیں
- ردِعمل کی حکمتِ عملیاں کمیونٹی کو نقصان نہیں پہنچاتیں
- ابتدائی جائزے اور تناظر کے تجزیے سے اکٹھی کی گئی معلومات کی باقاعدگی سے تجدید کی جاتی ہے

- جائزے اور ردِعمل کی سرگرمیاں ترتیب دینے کے لئے صلاحیت بڑھانا
- بنیادی ڈیٹا کا پروگرام کے آغاز سے جمع کرنا

## رہنما نوٹس:

1۔ ردِعمل کی حکمتِ عملیوں کا جائزے کے کلیدی نتائج سے ماخوذ ہونا
2۔ ڈیٹا جمع کرنا اور اس کے تجزیے کے لئے صلاحیت بڑھانا
3۔ نقصان نہ "پہنچاؤ" کے لئے کوششیں کرنی چاہیں
4۔ ہنگامی حالات میں ردِعمل کی حکمتِ عملیوں کا جائزہ اور تجدید کرنا
5۔ عطیہ دہندگان کا تعلیمی ردِعملیوں کے معیار اور اس تک رسائی کے لئے باقاعدہ جائزہ
6۔ قومی تعلیمی پروگراموں کو تقویت پہنچانا
7۔ بحران کے خطرات میں کمی لانے اور تیاری کے عمل کو وسعت دینا
8۔ ادارتی اختیارات میں حائل رکاوٹوں پر غالب آنا
9۔ بنیادی ڈیٹا کا جمع کرنا

## ■ تجزیہ معیار 3: نگرانی

تعلیمی ردِعمل کی سرگرمیوں اور متاثرہ آبادی کی بڑھتی ہوئی تعلیمی ضروریات کی باقاعدگی سے نگرانی کی جاتی ہے۔

### کلیدی اقدامات:

- تعلیمی ردِعمل کی سرگرمیوں کی نگرانی کے لئے مؤثر انتظامات
- نگرانی کے ذریعے متعلمین کا تحفظ اور سیکیورٹی کا یقینی ہونا
- بے دست و پا افراد کو نگرانی میں شامل کیا جاتا ہے
- خام معلومات باقاعدگی سے جمع کی جاتی ہیں
- معلومات کا تجزیہ کیا جاتا ہے اور عاملین کے ساتھ شیئر کیا جاتا ہے

### رہنما نوٹس:

1۔ تعلیمی پروگراموں پر نگرانی کے اثرات
2۔ ثقافت کے حساس انداز سے معلومات اکٹھی کرنی چاہیں
3۔ تعلیمی انتظام کی معلومات کا نظام تعلیمی ڈیٹا کو یکجا کرتا ہے اور تجزیہ کرتا ہے
4۔ کورس کے دوران یا اس کی تکمیل پر متعلمین کے تعلم کی نگرانی کرنا

## ■ تجزیہ معیار 4: تشخیص

باضابطہ اور غیر جانبدارانہ تشخیص تعلیمی ردِ عمل کی سرگرمیوں میں بہتری لاتی ہے اور احتساب کو تقویت پہنچاتی ہے۔

### کلیدی اقدامات:

- تشخیص مستقبل کی سرگرمیوں کو مطلع رکھنے کے لئے ڈیٹا مہیا کرتی ہے
- عاملین کا تشخیصی سرگرمیوں میں شامل رہنا
- اسباق اور بہتر مشقوں کا وسیع پیمانے پر تبادلہ

### رہنما نوٹس:

1۔ نگرانی اور تشخیص میں فرق
2۔ تعلیمی ردِ عمل کی سرگرمیوں میں تشخیص
3۔ تشخیص کے ذریعے متعلقہ عاملین کی صلاحیت بڑھانا
4۔ تشخیص کے نتائج اور سیکھے گئے اسباق کا تبادلہ

# شعبہ 2: بنیادی معیارات

## ■ رسائی اور تعلیمی ماحول معیار 1: مساوی رسائی

تمام افراد کو معیاری اور برمحل تعلیمی مواقعوں تک رسائی حاصل ہے۔

### کلیدی اقدامات:

- امتیاز کی وجہ سے تعلیم تک رسائی کو نہ روکنا
- تعلیمی عمارتوں اور جگہوں تک سب کی رسائی ہونا
- داخلوں میں رکاوٹیں ختم کی جاتی ہیں
- مختلف قسم کی رسمی اور غیر رسمی سرگرمیوں کا مہیا کرنا
- مقامی آبادیوں کا معیاری اور برمحل تعلیم کو یقینی بنانے میں شامل رہنا
- تعلیمی سرگرمیوں کے معیار کو یقینی بنانے کے لئے وسائل کی دستیابی
- متعلمین کو رسمی تعلیم میں داخل ہونے اور دوبارہ داخلہ لینے کے مواقع ملتے ہیں
- مہاجرین کے تعلیمی پروگرام میزبان ملک اور اپنے ملک کے تسلیم شدہ ہوتے ہیں
- تعلیمی خدمات میزبان آبادیوں پر منفی اثر نہیں ڈالتیں

## رہنما نوٹس:

1۔ تعلیم تک بلا امتیاز رسائی کو یقینی بنانا

2۔ متعلمین کے داخلہ، اندراج اور رو کے رکھنے میں اضافہ کے لئے دستاویزات کے تقاضوں میں لچک ہوتی ہے

3۔ معیاری تعلیم کے لئے لاتعداد مواقع ملنا

4۔ تعلیم کے مواقعوں کا لچکدار اور وسیاق وسباق کے مطابق ہونا

5۔ فوری تعلیمی ترجیحات کا ابتدائی جائزے کی بنیاد پر ہونا

6۔ معیاری اور موزوں تعلیم

7۔ تعلیمی عمل میں کمیونٹی کا فعال انداز سے شریک ہونا

8۔ وسائل مہیا کرنا قومی حکام کی ذمہ داری ہے

9۔ تعلیمی مقامات کو عارضی پناہ گاہوں کے طور پر استعمال میں کمی لانا

## ■ رسائی اور تعلیمی ماحول معیار 2: تحفظ اور آسودگی

تعلیمی ماحول محفوظ اور بحفاظت ہوتے ہیں اور متعلمین، اساتذہ اور دیگر تعلیمی عملہ کی حفاظت اور نفسیاتی وسماجی آسودگی کو فروغ دیتے ہیں۔

## کلیدی اقدامات:

- تعلیمی ماحول کا نقصان پہنچانے والے ذرائع سے پاک ہونا
- اساتذہ اور دیگر تعلیمی عملہ کو ایسی مہارتوں کی ضرورت ہوتی ہے جن کے ذریعے ایک معاون تعلیمی ماحول پیدا ہو
- تعلیمی مقامات کا خدمات فراہم کرنے والی آبادیوں کے قریب ہونا
- رسائی کے راستے محفوظ، بحفاظت اور رسائی میں ہوتے ہیں
- تعلیمی ماحول فوجی قبضے اور حملے سے پاک ہوتے ہیں
- کمیونٹی فیصلہ سازی میں مدد فراہم کرتی ہے
- تعلیمی ماحول کی حفاظت قائم رہتی ہے

## رہنما نوٹس:

1۔ محفوظ اور تحفظ والا تعلیمی ماحول

2۔ جذباتی، جسمانی اور معاشرتی مدد فراہم کرنے والی سرگرمیاں

3۔ اساتذہ اور متعلمین کو خطرات سے آگاہ کیا جاتا ہے اور خطرات سے بچایا جاتا ہے

4۔ صنفی بنیاد پر تشدد کو روکنا

5۔ متعلمین اور تعلیمی مقامات کے درمیانی فاصلہ کا تعین مقامی اور قومی معیار کے مطابق ہوتا ہے

6۔ محفوظ اور حفاظت والے راستوں کو یقینی بنانے کے لئے مشاہدہ کئے گئے خطرات پر قابو پانا

7۔ تعلیم کو حملے سے محفوظ رکھنا

8۔ نفسیاتی وسماجی مدد اور آسودگی پر تربیت

9۔ کلاس روم کا بلاتشدد انتظام

10۔ تعلیمی ماحول کو بنانے، قائم رکھنے اور حفاظت میں کمیونٹی شریک رہتی ہے

11۔ بحران کے خاتمے کے لئے اساتذہ اور دوسرے تعلیمی عملہ کی تربیت

## ■ رسائی اور تعلیمی ماحول معیار 3: سہولیات اور خدمات

تعلیمی سہولیات متعلمین، اساتذہ اور دیگر تعلیمی عملہ کے تحفظ اور آسودگی کو فروغ دیتی ہیں، اور صحت، غذا، نفسیاتی وسماجی اور حفاظتی خدمات کے ساتھ مربوط ہیں۔

## کلیدی اقدامات:

- تعلیمی مقامات اور تعمیرات محفوظ اور سیکیور ہوتی ہیں
- تعلیمی ماحول بحران کو مدِنظر رکھتے ہوئے ڈیزائن اور تعمیر کیا جاتا ہے
- تعلیمی ماحول کی شناخت حفاظتی چاردیواری سے ہوتی ہے
- تعلیمی مقامات کی طبعی ساخت صورتِ حال کے مطابق ہوتی ہے

- جماعت میں جگہ اورطبعی ساخت شرکتی تدریسی طریقوں کوتقویت دیتی ہیں
- کمیونٹی کے اراکین بشمول نوجوان افراد، تعلیمی ماحول کی تعمیر اور دیکھ بھال میں شرکت کرتے ہیں
- جسمانی صحت کے لئے صاف پانی اور نکاسی کی سہولیات مہیا کی جاتی ہیں
- سکول کے اندر صحت اور خوراک کے لئے خدمات موجود ہوتی ہیں
- تعلیمی مقامات کا رابطہ بچوں کی نگہداشت، صحت، خوراک، معاشرتی اور نفسیاتی وسماجی خدمات مہیا کرنے والوں کے ساتھ ہوتا ہے

## رہنمانوٹس:

1۔ تعلیمی سہولیات کی جگہ برابری اور تحفظ میں اضافہ کرتی ہے

2۔ تعلیمی سہولیات کی ساخت، ابتدائی خاکہ اور تعمیر کے اخراجات برداشت کے مطابق ہوتے ہیں

3۔ تعلیمی سہولیات کے ابتدائی خاکہ کی تیاری میں معذور افراد کی ضروریات کومدِنظر رکھا جاتا ہے

4۔ تعلیمی جگہوں کے ابتدائی خاکہ اور دیکھ بھال کے دوران استعمال کرنے والے افراد کومدِنظر رکھنا

5۔ نکاسی کی سہولیات تعلیمی ماحول کے قریب ہوتی ہیں

6۔ تعلیمی ماحول حفظانِ صحت میں اضافہ کرتا ہے اور اس میں صاف پانی کے ذرائع ہوتے ہیں

7۔ سکول میں موجود صحت اور غذا کے پروگرام، تعلیم کا تعلق صحت، غذا اور نکاسی کے ساتھ قائم کرتے ہیں

8۔ مقامی خدمات تک رسائی اور رجوع کرنا تا کہ جسمانی، نفسیاتی وسماجی اور جذباتی بہتری کو تقویت ملے

# شعبہ 3: تدریس اور تعلم

## ■ تدریس اور تعلم معیار 1: نصاب

ثقافتی، سماجی اور لسانی لحاظ سے موزوں نصاب، رسمی اور غیر رسمی تعلیم فراہم کرنے کے لئے خصوصی سیاق وسباق اور متعلمین کی ضروریات کے مطابق استعمال کیا جاتا ہے۔

### کلیدی اقدامات:

- تعلیمی حکام عاملین کو نصاب سازی میں شریک کرتے ہیں
- مواد اور نصاب متعلمین کی ضرورت کے مطابق ہوتے ہیں
- مہاجرین اور آئی ڈی پیز کے لئے استعمال ہونے والا نصاب اور امتحانات آبائی وطن اور میزبان ملک کی حکومتوں سے منظور شدہ ہوتے ہیں
- نصاب بحران کے خطرات میں کمی، ماحولیاتی تعلیم اور تنازع کو روکنے کی تعلیم دیتے ہیں
- نصاب بنیادی تعلیم کی تمام اہم صلاحیتوں کا احاطہ کرتے ہیں
- نصاب طالب علموں کی نفسیاتی وسماجی بہتری اور حفاظتی ضروریات کو پورا کرتا ہے
- تدریسی مواد اور تدریس طالب علموں اور اساتذہ کی اپنی زبانوں میں مہیا کیا جاتا ہے
- نصاب اور درسی مواد تنوع اور صنفی احساس رکھتے ہیں
- تدریس اور تعلم کا مواد کافی مقدار میں مہیا کیا جاتا ہے

## رہنما نوٹس:

1۔ نصاب کی تعریف

2۔ نصاب، حالات عمر اور نشو نما کی منازل کے مطابق ہوتا ہے

3۔ نصاب کا جائزہ اور نصاب سازی کا عمل

4۔ درسی مواد اور تربیتِ اساتذہ سے پہلے بنیادی صلاحیتیں شناخت کی جاتی ہیں

5۔ زندگی سے متعلق مہارتیں، تدریسی مواد اور کلیدی تصورات متعلمین کے مطابق ہوتے ہیں

6۔ بچوں اور اساتذہ کی نفسیاتی وسماجی ضروریات، حقوق اور نشو نما میں مدد فراہم کی جاتی ہے

7۔ تدریسی زبان پر عاملین کی اتفاقِ رائے سے فیصلہ لیا جاتا ہے

8۔ تدریسی سرگرمیاں ترتیب دینے اور ان پر عمل کرنے میں تنوع کو مدِ نظر رکھنا چاہیئے

9۔ مقامی طور پر دستیاب تدریسی مواد

## ■ تدریس اور تعلم معیار 2: تربیت، پیشہ ورانہ ترقی اور حمایت

اساتذہ اور دیگر تعلیمی عملہ مقررہ وقفوں سے ضروریات اور حالات کے مطابق مناسب اور تشکیل دی گئی تربیت حاصل کرتے ہیں۔

## کلیدی اقدامات:

- اساتذہ کی ضروریات کے مطابق تربیت کی دستیابی
- تربیت کا حالات کے مطابق ہونا
- حکام کا تربیت کو تسلیم کرنا اور منظور کرنا
- تربیت یافتہ ماہرین تربیتی کورسز منعقد کراتے ہیں
- تربیت اساتذہ کو موثر سہولت کار بناتی ہے
- تربیت میں رسمی اور غیر رسمی نصاب کے لئے معلومات اور مہارتیں شامل ہوتی ہیں

## رہنما نوٹس:

1۔ استاد کی تعریف
2۔ تعلیمی حکام کا رسمی تربیت، نصاب اور مواد ترتیب دینا
3۔ تعلیمی حکام کا تربیت، حمایت اور رابطہ کاری کرنا
4۔ تعلیمی حکام کا تربیت کو تسلیم کرنا اور منظوری دینا
5۔ اساتذہ کا مخصوص تدریسی معاونات کی ضرورت کی نشاندہی کرنا
6۔ مستقبل کے بحران کو ختم کرنے اور اس میں کمی لانے کے لئے متعلمین اور کمیونٹی کی مدد کرنے کے لئے اساتذہ کی تربیت

## ■ تدریس اور تعلم معیار 3: تدریس اور تعلم کے عمل

تدریس اور تعلم کے عمل میں طالب علم کی بنیادی حیثیت، شرکت اور شمولیت کو اہمیت ملتی ہے۔

### کلیدی اقدامات:

- تدریسی طریقے طالبِ علموں کی ضرورت کے مطابق ہوتے ہیں
- اساتذہ نفسِ مضمون اور تدریسی مہارتوں کا مظاہرہ کرتے ہیں
- تدریس اور تعلم کے عمل طالبِ علموں کی ضروریات کو پورا کرتے ہیں
- والدین اور کمیونٹی کے نمائندے مواد اور تدریسی طریقوں کو قبول کرتے ہیں

### رہنما نوٹس:

1۔ تدریس سے طالبِ علموں کی شرکت یقینی ہونی چاہیے

2۔ والدین، عاملین اور کمیونٹی کے اراکین کے ساتھ ہنگامی حالات میں تعلیم کی اہمیت پر بات چیت کرنے کے لئے اساتذہ کی تربیت ہونا

3۔ تدریسی طریقوں کا حالات اور طالبِ علموں کی ضروریات کے مطابق ہونا

## ■ تدریس اور تعلم معیار 4 حاصلاتِ تعلیم کی تشخیص

تعلیمی حاصلات کی تشخیص اور معقولیت کے لئے مناسب طریقے استعمال ہوتے ہیں۔

### کلیدی اقدامات:

- طالبِ علموں کی ترقی کا جائزہ اور تشخیص تدریسی طریقوں پر اثر انداز ہوتے ہیں
- کارکردگیوں کو تسلیم کیا جاتا ہے اور کورس مکمل کرنے کی اسناد فراہم کی جاتی ہیں
- تکنیکی اور پیشہ ورانہ پروگراموں میں ڈگری یافتہ افراد کا جائزہ
- جائزے اور تشخیص کے طریقوں کا شفاف اور قابلِ اعتماد ہونا

### رہنما نوٹس:

1۔ تشخیص اور جائزے کے موثر طریقے اور تدابیر

2۔ تعلیمی حکام جائزے کے نتائج کو تسلیم کرتے ہیں

3۔ جائزے اور تشخیص ضابطہ اخلاق کے مطابق ہوتے ہیں

4۔ جائزے کے مواد اور طریقوں میں مطابقت ہونا

# شعبہ 4: اساتذہ اور دیگر تعلیمی عملہ

## ■ اساتذہ اور دیگر تعلیمی عملہ معیار 1: بھرتی اور انتخاب

مناسب تعلیم یافتہ اساتذہ اور دیگر تعلیمی عملہ کو شرکتی اور شفاف عمل کے ذریعے کافی تعداد میں بھرتی کیا جاتا ہے جس کی بنیاد تنوع اور مساوات پر مبنی انتخاب کے طریقے پر ہوتی ہے۔

### کلیدی اقدامات:

- ملازمت کی واضح نوعیت اور رہنما اصول بھرتی سے پہلے تشکیل دیئے جاتے ہیں
- بھرتی کرنے والی نمائندہ کمیٹی اساتذہ اور دیگر تعلیمی عملہ کا انتخاب کرتی ہے
- بھرتی کیئے گئے اور کام پر متعین افراد کی تعداد کافی ہوتی ہے

### رہنما نوٹس:

1۔ ملازمت کی تفصیل کے کلیدی حصے

2۔ ہنگامی حالات میں اساتذہ کا تجربہ اور تعلیم

3۔ اساتذہ کے چناو کا طریقہ

4۔ ممکن حد تک حوالہ جات چیک کرنا

5۔ طالبِ علموں کے ایک جماعت میں تعداد کا مقامی طور پر تسلیم کی جانے والی حقیقت پسندانہ حد کا ہونا

## ■ اساتذہ اوردیگر تعلیمی عملہ معیار 2: شرائط کار

اساتذہ اور دیگر تعلیمی عملہ کے پاس واضح شرائط کار ہوتے ہیں اور انہیں معقول معاوضہ دیا جاتا ہے۔

## کلیدی اقدامات:

- معاوضوں اور کام کی شرائط کے متعلق عاملین کا آپس میں ربط ہوتا ہے
- ملازمت کے معاہدوں میں معاوضوں اور شرائط کار کی وضاحت ہوتی ہے
- اساتذہ اور دیگر تعلیمی عملہ کو کام کی شرائط طے کرنے اور تبادلہ خیال کی اجازت ہوتی ہے
- ضابطہ اخلاق موجود ہوتا ہے اور اس کا احترام کیا جاتا ہے

## رہنما نوٹس:

1۔ ملازمت کے معاہدے میں شرائط کار شامل ہوتی ہیں

2۔ معقول اور مناسب معاوضے کا یقین کیا جاتا ہے اور ادائیگی ہوتی ہے

3۔ معاہدے میں شرائط کار کے کلیدی حصے شامل ہوتے ہیں

## ■ اساتذہ اور دیگر تعلیمی عملہ معیار :3 معاونت اور نگرانی

اساتذہ اور دیگر تعلیمی عملہ کی معاونت اور نگرانی کے طریقوں کو موثر انداز سے عمل میں لایا جاتا ہے۔

## کلیدی اقدامات:

- مناسب مواد اور جگہیں دستیاب ہوتی ہیں
- پیشہ ورانہ ترقی سے اساتذہ کو ترغیب اور معاونت حاصل ہوتی ہے
- نگرانی کا طریقہ با قاعدہ جائزے اور اساتذہ کو مدد بہم پہنچاتا ہے
- کارکردگیوں کا باقاعدہ جائزہ لیا جاتا ہے۔ اسے تحریر کیا جاتا ہے اور اس پر تبادلہ خیال کیا جاتا ہے
- اساتذہ کی کارکردگیوں پر طالبِ علم اپنی رائے دیتے ہیں
- اساتذہ کو نفسیاتی وسماجی مدد دستیاب رہتی ہے

## رہنما نوٹس:

1۔ تدریس، تعلم کا مواد اور جگہ موثر تدریس میں مدد کرے

2۔ حمایت اور نگرانی کا نظام اساتذہ کی ترغیب اور معیار کو برقرار رکھے

3۔ اساتذہ کے ساتھ صلاحیتیں بڑھانے، تربیت اور پیشہ ورانہ ترقی پر بات چیت کی جائے

4۔ عملہ کی استعداد اور طریقوں کے جائزے
5۔ متعلمین کو جائزے اور تشخیص میں شامل رکھنا
6۔ اساتذہ کی نفسیاتی و سماجی مدد اور آسودگی

# شعبہ 5: تعلیمی پالیسی

## ■ تعلیمی پالیسی معیار 1: قانون اور پالیسی کی تشکیل

تعلیمی حکام معیاری تعلیم کو جاری اور بحال رکھنے کو ترجیح دیتے ہیں جس میں تعلیم تک مفت اور شمولیت والی رسائی شامل ہوتی ہے۔

## کلیدی اقدامات:

- قوانین، ضابطے اور پالیسیاں، تعلیمی سہولیات، اساتذہ اور متعلمین کے مرتبے کی حفاظت برقرار رکھتی ہیں
- قوانین، ضابطے اور پالیسیاں تعلیم پر حق کو احترام اور حفاظت دیتی ہیں اور اس حق کو پورا کرتی ہیں
- قوانین، ضابطے اور پالیسیاں تعلیمی سہولیات کے محفوظ ہونے کا یقین دلاتی ہیں
- قوانین، ضابطوں اور پالیسیوں کی بنیاد شرکتی طریقوں سے حالات کے جائزے پر ہوتی ہے
- قومی تعلیمی پالیسیاں ہنگامی حالات کو فوری ردِعمل فراہم کرتی ہیں
- مہاجرین کے سکولوں میں آبائی ملک کے نصاب کے استعمال کی اجازت ہوتی ہے
- غیر ریاستی کارندوں کو ہنگامی حالات میں تعلیمی پروگرام مرتب کرنے کی اجازت ہوتی ہے

## رہنمانوٹس:

1۔ قومی تعلیمی حکام کا فرض ہے کہ وہ تعلیم پر حق کا احترام کریں، اُس کی حفاظت کریں اور اسے پورا کریں

2۔ قومی تعلیمی قوانین اور پالیسیون میں سب کے لئے تعلیمی تسلسل یقینی ہونا چاہیئے

3۔ نئے اور دوبارہ تعمیر کیئے گئے سکولوں کو جانکاری کے مطابق خطرات اور خدشات سے محفوظ ہونا چاہیئے

4۔ قوانین اور پالیسیوں کو حالات کے جائزے کو مدِنظر رکھنا چاہیئے

5۔ بااعتماد معلوماتی نظام اور پالیسیاں ترتیب دینے والوں میں معلومات کا تبادلہ

6۔ تعلیم قومی سطح پر بحران سے نپٹنے کی تیاری کے ابتدائی خاکوں کا حصہ ہونا چاہیئے

7۔ تعلیم تمام گروپوں کو برابری کی بنیاد پر پہنچتی ہے

8۔ غیرسرکاری اور یواین کارندے قومی سطح کی تعلیم میں مدد کرتے ہیں

## ■ تعلیمی پالیسی معیار 2: منصوبہ بندی

تعلیمی سرگرمیوں میں بین الاقوامی اور قومی تعلیمی پالیسی، معیارات اور منصوبوں اور متأثرہ آبادی کی تعلیمی ضروریات کو مدِنظر رکھا جاتا ہے۔

## کلیدی اقدامات:

- تعلیمی پروگرام بین الاقوامی اورقومی قانونی بنیادی ڈھانچوں اور پالیسیوں کی عکاسی کرتے ہیں
- تعلیمی سرگرمیوں کا رابطہ ہنگامی صورتِ حال کے ردِعمل کے دوسرے شعبوں کے ساتھ ہونا
- ہنگامی تعلیم کا تعلق طویل المیعاد قومی تعلیمی منصوبے کے ساتھ ہونا
- تعلیمی منصوبے مستقبل اور موجودہ ہنگامی حالات کے لئے تیاری میں مدد دیتے ہیں
- موثر اور شفاف تعلیمی پالیسی کی تشکیل اور عملدرآمد کے لئے کافی وسائل کا ہونا

## رہنما نوٹس:


1۔ تعلیمی پروگراموں کو تعلیمی حقوق اور مقاصد پورے کرنے چاہیں

2۔ تعلیمی ردِعملیوں کا دوسرے شعبوں کے ساتھ ربط ہونا

3۔ قومی اور تعلیمی منصوبے مستقبل میں اٹھائے جانے والے اقدامات کی نشاندہی کرتے ہیں

4۔ وسائل مختص کرنے کے لئے میزبان ملک کی رہنمائی کا ہونا

5۔ فنڈنگ کے لئے شفاف اور تعاون والے طریقے




کم از کم تعلیمی معیارات : تیاری، ردِعمل اور بحالی ایک عہد کا اقرار ظاہر کرتا ہے کہ تمام افراد - بچے، نوجوان اور بالغوں - کو تعلیم کا حق حاصل ہے۔ یہ میعارات تعلیمی معیار کی کم از کم سطح اور ہنگامی حالت سے بحالی تک رسائی کی وضاحت کرتے ہیں۔ یہ اعلیٰ درجے کے مشاورتی عمل کے ذریعے 2003 2004 میں ترتیب دیئے گئے اور 2009 2010 میں ان میں تجدید کی گئی۔ ان کی بنیاد بچوں کے حقوق کے کنونشن ڈکار 2000 کے تعلیم سب کے لئے کے مقاصد اور سفیئر پروجیکٹ کے انسان دوست چارٹر پر رکھی گئی ہے۔

آئی این ای ای کا حوالہ جاتی ٹول، آئی این ای ای کم از کم معیارات کے کتابچہ کو تقویت اور ستائش بخشتا ہے۔ یہ کارآمد تربیتی ٹول ہے جو ان لوگوں کو آسان حوالے مہیا کرتا ہے جو آئی این ای ای کے معیارات پر عمل درامد کرنے، انہیں تنظیموں کا حصہ بنانے اور انہیں حالات کے مطابق ڈھالنے کے لئے کام کرتے ہیں۔ مزید معلومات کے لئے www.ineesite.org/standards ملاحظہ کیجئے۔

آپ نے آئی این ای ای کم از کم معیارات کو تعلیمی پروگراموں یا پالیسیوں کو مظبوط کرنے کے لئے کس طرح استعمال کیا ہے؟ برائے مہربانی آئی این ای ای کم از کم معیارات کے رابطہ کار کے ساتھ شیئر کریں: minimumstandards@ineesite.org ہم اپ سے کچھ سننے کے لئے منتظر ہیں۔

آئی این ای ای کم ازکم معیارات کے کتابچہ، کم ازکم معیارات حوالہ جاتی ٹول اور آئی این ای ای ٹول کِٹ حاصل کرنے کے لئے برائے مہربانی materials@ineesite.org پر رابطہ کیجئے۔

انٹرایجنسی نیٹ ورک فار ایجوکیشن اِن ایمرجینسیز (INEE) کام کرنے والے اور پالیسی مرتب کرنے والے افراد کے مل کر کام کرنے والا ایک وسیع عالمی نیٹ ورک ہے جس کا مقصد تمام لوگوں کے لئے معیاری تعلیم پر حق کو یقینی بنانا ہے اور ہنگامی حالات اور بعدازبحران بحالی تک کے لئے محفوظ تدریسی ماحول فراہم کرنا ہے۔ www.ineesite.org آئی این ای ای سے رابطہ کیجئے www.ineesite.org ایک ممبر بن جائیے اور ہر دو ماہ کے بعد معلومات حاصل کیجئے اور ہماری کمیونٹی کی مدد کیجئے۔

INEE

Inter-Agency Network for Education in Emergencies
Réseau Inter-Agences pour l´Éducation en Situations d´Urgence
La Red Interagencial para la Educación en Situaciones de Emergencia
Rede Inter-Institucional para a Educação em Situação de Emergência
الشبكة المشتركة لوكالات التعليم في حالات الطوارئ
انٹر ایجنسی نیٹ ورک فار ایجوکیشن ان ایمرجنسیز

# کم از کم تعلیمی معیارات

تیاری، ردِ عمل، بحالی

## نقشہ

## بنیادی معیارات

کمیونٹی میں شرکت کے معیارات: شرکت اور وسائل - رابطہ کاری کا معیار: رابطہ کاری - تجزیہ کے معیارات: ردِ عمل کی حکمت عملی، نگرانی اور تشخیص

### رسائی اور تعلیمی ماحول

**مساوی رسائی معیار: 1** - تمام افراد کو معیاری اور بر محل تعلیمی مواقعوں تک رسائی حاصل ہے۔

**معیار 2: تحفظ اور آسودگی-** تعلیمی ماحول محفوظ اور بحفاظت ہوتے ہیں اور متعلمین، اساتذہ اور دیگر تعلیمی عملہ کی حفاظت اور نفسیاتی و سماجی آسودگی کو فروغ دیتے ہیں۔

**معیار 3: سہولیات اور خدمات -** تعلیمی سہولیات متعلمین، اساتذہ اور دیگر تعلیمی عملہ کے تحفظ اور آسودگی کو فروغ دیتی ہیں اور صحت، غذا، نفسیاتی و سماجی اور حفاظتی خدمات کے ساتھ مربوط ہیں۔

### تدریس و تعلم

**معیار 1: نصاب-** ثقافتی، سماجی اور لسانی لحاظ سے موزوں نصاب رسمی اور غیر رسمی تعلیم فراہم کرنے کے لئے خصوصی سیاق وسباق اور متعلمین کی ضروریات کے مطابق استعمال کیا جاتا ہے۔

**معیار 2: تربیت، پیشہ ورانہ ترقی اور حمایت-** اساتذہ اور دیگر تعلیمی عملہ مناسب اور تشکیل دی گئی تربیت مقررہ وقفوں سے ضروریات اور حالات کے مطابق حاصل کرتے ہیں۔

**معیار 3: تدریس اور تعلم کے عمل -** تدریس اور تعلم کے عمل میں طالبِ علم کی مرکزی حیثیت، شرکت اور شمولیت کو اہمیت ملتی ہے۔

**معیار 3: حاصلاتِ تعلیم کی تشخیص-** تعلیمی حاصلات کی تشخیص اور معقولیت کے لئے مناسب طریقے استعمال ہوتے ہیں۔

### اساتذہ اور دیگر تعلیمی عملہ

**معیار 1: بھرتی اور انتخاب-** مناسب تعلیم یافتہ اساتذہ اور دیگر تعلیمی عملہ کو شرکتی اور شفاف عمل کے ذریعے کافی تعداد میں بھرتی کیا جاتا ہے جس کی بنیاد تنوع اور مساوات پر مبنی انتخاب کے طریقے پر ہوتی ہے۔

**معیار 2: شرائط کار-** اساتذہ اور دیگر تعلیمی عملہ کے پاس واضح شرائط کار ہوتے ہیں اور انہیں معقول معاوضہ دیا جاتا ہے۔

**معیار 3: معاونت اور نگرانی-** اساتذہ اور دیگر تعلیمی عملہ کی معاونت اور نگرانی کے طریقوں کو موثر انداز سے عمل میں لایا جاتا ہے۔

### تعلیمی پالیسی

**معیار 1: قانون اور پالیسی کی تشکیل-** تعلیمی حکام معیاری تعلیم کو جاری اور بحال رکھنے کو ترجیح دیتے ہیں جس میں تعلیم تک مفت اور شمولیت والی رسائی شامل ہوتی ہے۔

**معیار 2: منصوبہ بندی اور نفاذ-** تعلیمی سرگرمیوں میں بین الاقوامی اور قومی تعلیمی پالیسیوں، قوانین، معیارات اور منصوبوں اور متاثرہ آبادی کی تعلیمی ضروریات کو مدِ نظر رکھا

**کلیدی موضوعی مسائل:** تنازع میں کمی لانا، بحران کے امکان کو کم کرنا، اوائل بچپن میں نشو نما، صنف، ایچ آئی وی اور ایڈز، انسانی حقوق، شمولیت کی تعلیم، مختلف اداروں کے مابین رابطے، تحفظ، نفسیاتی و سماجی تعاون اور نوجوان

جیبی کتابچہ (Pocket Book) برائے آئی این ای ای کم از کم معیارات : تیاری،
ردِعمل، بحالی کے حوالہ جاتی ٹول کی اشاعت، جاپان حکومت کی مالی مدد سے چلنے والے
218-PAK-1001 ریفیوجیز افیکٹیڈ اینڈ ہوسٹنگ ایریا پروگرام
(Refugee Affected and Hosting Area Programme)
کی تکنیکی اور مالی امداد سے تیار کی گئی۔

UNESCO
United Nations
Educational, Scientific and
Cultural Organization

United Nations
Pakistan
Improving lives and helping people